# Collaboration with NGOs for SDGs

## a. Student volunteering programs

### 1. Free medical camp

Students of the University of Poonch Rawalakot, in collaboration with the Fael Alkhair Foundation NGO, organized a free medical camp. Faculty members and students offered free medical tests and check-ups to support the local community and promote better health services for those in need.



Member AKNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com

dailydharti@gmail.com

روزنامہ

راولاکوٹ

کشمیر دھرتی

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد 02 | بدھ 29 نومبر 2023ء 14 جمادی الاول 1445ھ 16 مگھر 2080 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 223 |



جامعہ پونچھ یونیورسٹی میڈیکل سینٹر میں فری میڈیکل کیمپ بلڈ گروپنگ، شوگر ٹیسٹ

کیمپ کا انعقاد میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کے طلبہ نے فاعل الخیر فاؤنڈیشن کے تعاون سے کیا، رجسٹرار نے افتتاح کیا

ڈاکٹر عثمان نے میڈیکل سینٹر میں موجود سہولیات سے آگاہ کیا، کیمپ میں فیکلٹی ممبران، ایڈمنسٹریشن سٹاف اور دیگر کے ٹیسٹ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے میڈیکل سینٹر میں شعبہ میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کے طلبہ نے "فاعل الخیر فاؤنڈیشن" کے تعاون سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا۔ رجسٹرار جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان نے کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، ڈاکٹر محمد عثمان، ڈاکٹر رابعہ افتخار احمد، فہد سید سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر فیکلٹی ممبران، ایڈمنسٹریشن سٹاف اور دیگر کی بڑی تعداد میں فری بلڈ گروپنگ اور شوگر کے ٹیسٹ کیے گئے اور ادویات دی گئیں۔ اس موقع (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)



بقیہ 4

پر ڈاکٹر محمد نے میڈیکل سینٹر میں سہولیات سے آگاہ کیا ۔ڈاکٹر محمد عثمان کی سرپرستی میں میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کے طلبہ نے بلڈ گروپنگ اور شوگر ٹیسٹ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ۔انھوں نے بلڈ گروپنگ اور شوگر ٹیسٹ کرانے والوں کو صحت کو برقرار رکھنے سے متعلق احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا۔

2. **Free veterenary camp**

Students of the University of Poonch Rawalakot, in collaboration with chenar vet care society organised a free veternary camp. The team provide free medical checkup and providing free medical tests and drugs.





جامعہ پونچھ شعبہ ویٹرنری اینڈ اینمل سائنسز کے زیر اہتمام فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ

دوران کیمپ درجنوں جانوروں جن میں زیادہ تر دودھ دینے والے جانور شامل تھے کا مفت علاج کیا گیا

کیمپ کی نگرانی ڈاکٹر محمد وقاص، ڈاکٹر عبیداللہ کر رہے تھے جبکہ طلباء وطالبات کی ایک بڑی تعداد بھی ان کی معاونت کی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) یونیورسٹی آف پونچھ کے شعبہ ویٹیری اینڈ اینمل سائنسز میں قائم چنار ویٹ کیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام چھوٹا گلہ میں فری ویٹیری میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ دوران کیمپ درجنوں جانوروں جن میں زیادہ تر دودھ دینے والے جانور شامل تھے کا مفت علاج کیا گیا۔ فری ویٹیری میڈیکل کیمپ کی نگرانی ڈاکٹر محمد وقاص، ڈاکٹر عبیداللہ کر رہے تھے جبکہ طلباء و طالبات کی ایک بڑی تعداد بھی ان کی معاونت کر رہی تھی۔ جانوروں کے مالکان (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

## b. Educational resources:

### 1. Education to Combat Human Trafficking

The University of Poonch Rawalakot, in collaboration with the Poonch Police Department and a local NGO, organized a seminar titled "Education as a Tool to Combat Human Trafficking." The keynote speaker, DIG Police Zaheer Ahmed, highlighted the crucial role students play in the fight against human trafficking. He addressed various illegal activities taking place in society and discussed how the people, particularly the students of Rawalakot, can actively contribute to combating and ultimately eliminating such crimes. The seminar emphasized the power of education and community involvement in addressing this pressing issue.






ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر

جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں انسانی سمگلنگ کی روک تھام پر سیمینار، ڈی آئی جی پونچھ کا خطاب

انسانی حقوق کے مسائل کو سمجھنا بے حد ضروری، طلبہ محنت کو شعار بنائیں، ناکامی کا جواز تلاش کرنا خود سے دھوکا ہے، سردار ظہیر احمد

فیکلٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے زیر اہتمام سیمینار سے ڈین ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈاکٹر ذوالفقار کھٹو کا خطاب، فیکلٹی ممبران طلبہ وطالبات کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ کی فیکلٹی آف منیجمنٹ، ہیومنیٹیز اینڈ سوشل سائنسز کے زیر اہتمام "انسانی سمگلنگ کی روک تھام میں تعلیم کا کردار" کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی پولیس پونچھ ڈویژن ظہیر احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہیومن ٹریفکنگ دراصل انسانی حقوق کا مسئلہ ہے اس لئے یہ ہمارا مسئلہ ہے۔ معاشرے میں درپیش کوئی بھی چیلنج ہو جس سے عام لوگ متاثر ہوں وہ دراصل طلبہ سمیت ہر شخص کا (بقیہ 58 صفحہ 03 پر)




راولاکوٹ، ڈی آئی جی پونچھ ڈویژن سردار ظہیر احمد، ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈاکٹر ذوالفقار کھٹو اور دیگر جامعہ پونچھ میں سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

**بقیہ 58**

مسئلہ ہوتا ہے، اس لئے اس مسئلے کی سنگینی کو سمجھنا طلبہ کیلئے بھی اتنا ضروری ہے جتنا کسی دوسرے فرد کیلئے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان میں ہیومن ٹریفکنگ سے متعلق قانون 2018ء میں بنا اور آزاد کشمیر میں ابھی تک اس کا اطلاق نہیں ہوا۔ اس موقع پر انھوں نے انسانی اسمگلنگ کی مختلف اقسام، جرم کے ارتکاب، روک تھام کے اقدامات اور طلبہ کی ذمہ داریوں سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب سے ڈین فیکلٹی آف منیجمنٹ سائنسز ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈین ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز ڈاکٹر ذوالفقار حسین کھٹو، ڈائریکٹر فنانس محمد شمیم خان، فیکلٹی ممبران اور طلبہ وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے اختتام پر ڈی آئی جی سردار ظہیر احمد نے مختلف سوالوں کے جوابات بھی دیے۔ انھوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ محنت کو شعار بنائیں ناکامی کے جواز تلاش کرنا دراصل اپنے آپ سے دھوکا ہے۔ دنیا میں بڑے کارنامے سرانجام دینے والے لوگوں کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ وہ زیادہ آسودہ حال نہ تھے۔ اپنے آپ پر اعتماد کرنا سیکھیں۔ اپنے خوابوں کو بڑا کریں۔ فیصلہ کرنے سے پہلے اس کے امکانی نتائج پر نظر رکھا کریں۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے آباؤ اجداد نے ہمارے لیئے جو کچھ بھی کیا وہ ہم پر قرض ہے جو ہم نے آگے منتقل کر کے قرض اتارنا ہے۔ کسی کی ناکامی کی خواہش نہ کریں بلکہ جو وقت آپ دوسروں کیلئے سوچنے میں صرف کرتے ہیں وہ اپنا آپ بہتر کرنے پر صرف کریں۔

## 2. Thalassemia awareness:

The University of Poonch Rawalakot, in collaboration with the local NGO, Jihad for zero Thalassemia arrange a seminar and awareness walk among local community to educate the people on thalassemia and arrange a blood donation group to collect blood from healthy persons.

web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

روزنامہ پرل ویو

راولاکوٹ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

Email: dailypearlview@gmail.com

| جلد:09 | بدھ 10 مئی 2023ء، 19 شوال 1444، 25 بیساکھ 2078 ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ:073 |
|---|---|---|---|

# تھلیسیمیا کا عالمی دن، جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں آگاہی واک، طلبا و طالبات کی شرکت

## طلبہ نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر تھلیسیمیا سے بچاؤ کے نعرے درج تھے، فیکلٹی ممبران اور دیگر کی بھی شرکت

## عوام کو موزی مرض کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے میں طلبہ کا کردار انتہائی اہم، پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق اور دیگر کا خطاب




راولاکوٹ، جامعہ پونچھ میں تھلیسیمیا آگاہی واک میں ڈین ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر عبدالخالق، طلباء و طالبات اور دیگر شریک ہیں

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ میں تھلیسیمیا کے عالمی دن کی مناسبت سے فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام اور جہاد فار زیرو تھلیسیمیا کے تعاون سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں ڈین فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی ڈاکٹر عابد حسین، چیئرمین ایسٹرن میڈیسن حکیم عبدالحامد، دیگر ملازمین اور طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ طلبہ نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر تھلیسیمیا سے بچاؤ کے حوالے سے نعرے (بقیہ 61 صفحہ 03)

61 بقیہ

درج تھے۔اس موقع پر ڈین ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر
عبدالخالق نے اپنے خطاب میں واک کے انعقاد پر طلباء و
طالبات اور دیگر عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا
کہ طلبہ کی ہم نصابی وفلاحی سرگرمیوں کی ہر ممکن حوصلہ افزائی
کی جائے گی۔انھوں نے کہا کہ وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا
ذاکر کے ویژن کے مطابق فلاحی سرگرمیوں کیلئے طلبہ کی ہر
ممکن معاونت کی جائے گی۔انھوں نے کہا کہ معاشرے
میں عوام کو تھلیسیمیا جیسے موذی مرض کے حوالے سے آگاہی
فراہم کرنے کیلئے طلبہ کا کردار انتہائی اہم ہے دریں اثناء
چیئرمین فارمیسی ڈاکٹر عابد حسین نے اپنے خطاب میں طلبہ
کو ہدایت کی وہ عوام میں تھلیسیمیا کے حوالے سے شعور و
آگاہی بیدار کرنے کیلئے مختلف قسم کے سیمینارز اور دیگر
آگاہی پروگراموں کا انعقاد کریں۔اس موقع پر انھوں نے
ٹیم بے،ذی،ٹی کی کاوشوں کو سراہا اور انھیں مبارکباد پیش کی

## c. Research program:

The University of Poonch Rawalakot, in partnership with Gomal University, hosted a seminar focused on the essential skills of writing research proposals. During the event, the speakers encouraged the attendees to engage actively in the research process, emphasizing the importance of pursuing research projects and competing in academic fields. They inspired the audience to recognize the value of research in advancing knowledge and contributing to their academic and professional development. The seminar aimed to equip participants with the necessary tools and insights to succeed in creating compelling research proposals and undertaking impactful research initiatives.

ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | بدھ 19 جولائی 2023ء، 30 ذوالحج 1444ھ 03 ساون 2080 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 108

# جامعہ پونچھ میں ورکشاپ، ریسرچ پروپوزل کی تیاری، انٹرنیشنل سپیکرز کی پریزنٹیشن

**مقاصد واضح اور مسائل نمایاں ہوں، چائنیز یونیورسٹی اور جامعہ گول کے پروفیسرز کی تحقیقی تجویز لکھنے کے رہنما اصولوں پر مفصل گفتگو**

**ڈائریکٹر اوورک ڈاکٹر عابد حسین کا ورکشاپ کے مقاصد پر اظہار خیال، ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر عبدالخالق، ڈاکٹر شاہد اقبال کی مبارکباد**

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں "ڈائریکٹوریٹ آف اوورک" کے زیر اہتمام موثر تحقیق کیلئے "ریسرچ پروپوزل" کی تیاری اور لکھنے کے طریقہ کار پر ورکشاپ میں انٹرنیشنل سپیکر "ویتزیو یونیورسٹی" چائنہ کے پروفیسر ڈاکٹر ہارون اقبال اور گول یونیورسٹی کے ڈائریکٹر اوورک ڈاکٹر برکت علی خان نے پریزنٹیشن دی۔ ورکشاپ میں مختلف شعبوں کے فیکلٹی ممبران اور طلبہ وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے ایک موثر (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)



—— راولاکوٹ، پونچھ یونیورسٹی میں ریسرچ پروپوزل پر ورکشاپ سے چائنیز یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ہارون اقبال اور ڈاکٹر برکت علی خطاب کررہے ہیں ——

**بقیہ 1**

تحقیقی تجویز لکھنے کے رہنما اصولوں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقی تجویز ایک مختصر عنوان کیساتھ شروع کریں۔ تعارف واضح اور دلچسپ ہو جو مسئلے کی اہمیت کو اجاگر کرے اور قارئین کی دلچسپی بھی حاصل کرے۔ آپ کے تحقیقی مقاصد واضح ہونا چاہیں۔ ایسے مسائل کو نمایاں کریں جو آپ کی تحقیق حل کرنا چاہتی ہے۔ اپنے تحقیقی مقصد کی بنیاد پر قابل اطلاق مفروضے وضع کریں۔ ورکشاپ میں انٹرنیشنل سپیکرز نے مسائل کے حل اور واضح تحقیقی مقاصد اور اہمیت پر مفصل گفتگو کی۔ قبل ازیں ڈائریکٹر اوورک ڈاکٹر عابد حسین نے ورکشاپ کے اغراض ومقاصد کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے مہمان مقررین کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق اور ڈائریکٹر "کیو ای سی" ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے ورکشاپ کے انعقاد پر منتظمین اور ڈائریکٹوریٹ آف اوورک کو مبارکباد پیش کی۔